ہی نگاہ دام مغطر طرف ابروی یار
ہو جدہر قبلہ ادہر قبلہ نما ہوتا ہے

خاک اس زیست پہ مرجا سیماب کی طرح
اپنے مرنے سے کسیکا جو بھلا ہوتا ہی

ضعف ہے یہہ کہ مجھے جانسی اوٹھ جانیکو
اب خیال قد دلدار عصا ہوتا ہی

گل نہ سمجھو کہ لگ یار کے حسرت ہی مجھے
میرے مدفن سے عیان رنگ حنا ہوتا ہے

آنکھین وہ دیکھتے ہی نشہ سا ہوا آیا ربط
تم تو کہتے تھے کہ دو پیالو مین کیا ہوتا ہی

روشنی گرم سی ہے جو ہی ناسور کی
بجھ گئے دل سے ہوس اپنے چراغ گور کی

ماہ نو لب پر فدا رخ پہ تجلی طور کی
روکش اس چہرے سے ہو صورت تو دیکھو حور کی

عقد پروین ہیت نقشہ خوشہ انگور کا
میکشو کیا نشہ مین سوجھی ہی مجھکو دور کی

خون ناحق جسکا بار گردن قاتل ہوا
ناتوانی پر نظر کیجئے تو اس رنجور کے

ربط اک ساقی سے اس لرزش کو تھا جای خون
کیون نہ چشم زخم سے ٹپکے شراب انگور کی

دم گرم و سرد راتانی کا شانہ جلا اور شمع ہے
وہ کہتی ہین میرے جلوہ سی پروانہ جلا اور شمع ہی

بہن بزم مین بولا رات کہین پاس حسن و عشق مین — خاک پڑے اس غیرت پر پروانہ جلے اور شمع بجھے
بزم و گلشن بہ لب فسردہ کیا دیکھی ہی دل آزردہ — بلبل مردہ گل پژمردہ پروانہ جلا اور شمع بجھے
ای گرم ہوا دہشتان تہا خاک ہوئی پروانہ صفت — جعد سے وہ شمع میت تہی یہہ نہ جلا اور شمع بجھے
تربت مین پر کہا مجھکو یہہ سوز جگر تہا اف ری غضب — آہون سے جب کے پہلی شب ویرانہ جلا اور شمع بجھی
نالہ شعلہ فشان تہا ہر شب اور سے آہ سحر بہر دلمین — بہر کی یہہ آگ چلی وہ ہوا سب خانہ جلا اور شمع بجھے

شب جب ہم ہوش مغنی بکتا تہا نشہ مین لیٹے ہی
میخانہ جلا اور شمع بجھی میخانہ جلا اور شمع بجھے

اپ ہین ہم ہین شعر خوانی ہے — بس یہی لطف زندگانی ہے
عمر کوتاہ و وصف زلف دراز — رات چھوٹی بڑی کہانی ہے
خار صحرا سے پا ہوئے غربال — تب تو خاک اوس گلی کے چہانی ہے
سایہ سا جا بہل نہین سکتا — اسقدر مجھہ مین ناتوانی ہے
نگہہ چشم سرمہ سا ہے وہ — یا کوئی تیغ اصفہانی ہے
لخت آنکھون مین داغ سینہ مین — دل مرحوم کی نشانی ہے
نفع ظالم کو اپنے مال سے کیا — خشک لب تیغ اور پانی ہے
زہر کھاون نہ مین تو بنتی ہے — آج پوشاک یار دھانی ہے
عارضہ دلربا پہ مرتا ہون — عارضی میری زندگانی ہے

قطعہ

سنئے اقرار شب کو آنے کا / ماہ رو کی یہہ مہربانی ہے

یہہ سنے پر کہ یار آتا ہے
اب کوئی ربط نیند آتی ہے

ظاہر اکو کہ میری اشک کا وہ ثانی ہی / در غلطان کا پر اندیشی جگر پانی ہی
ہوش وحشت مین فقط جامہ عریانی ہی / شیشہ کا فر ہوس چاک گریبانی ہی
دسوز انکی نہایت شرر افشانی ہی / بس کہ اب تپش دل کہ جگر پانی ہی
قفس تنگ مین پڑا کاہی کوی مرغ اسیر / باغ سیر تا در صیاد پر افشانی ہی
غیر حق کوی کہی اُنکو تو سولی نچڑہی / حق کہا ہمنی بتون کو سو پشیمانی ہی
دہار پیاسون گلے پر نہ بہی برسے تو / برق ہی ابر ہی اُس تیغ مین کیا پانی ہی
جیغہ تاج ہی نقش قدم درویشان / موزہ پاے گدا افسر سلطانی ہی
منہ چہپائی ہوی جاتا ہی وہ قاتل کہدو / ہان خبردار کہ صورت تری پہچانی ہی
شانہ اُس زلف سی الجہا کہ صبا سے چہیڑا / کچہہ تو ہی ربط جو اس دلکو پریشانی ہی

دیگر

صورت اب انکو تن زار کی کہلاتی ہی / وہ جو کہتے ہین کمر اپکی لا ثانی ہی
مطلع مہر کہ وہ صفحہ پیشانی سے ہے / جلوہ صبح کہ وہ عارض نورانی ہی
یار کا نقش قدم اور دو چشم حیران / سنگ دہلیز صنم اور یہہ پیشانی ہی
شاعرون نے تو کہا تیغ و کمان ابرو کو / ہم کہین ترجمہ آیہ قرانی ہی

قطعہ

قلقل و شیشہ قل بلبل و پیمانہ گل — جلوۂ بزم دو بہار چمنستانی ہے

ساقیا می کہ خوشا دور قدح نوشی ہے — مطربا لی کہ نیا طور غزلخوانی ہے

ہا نہ بتکدہ اس چشم کو یہہ کفر ہی ربط

کعبہ ابرو کو سمجھنا یہہ مسلمانی سے

غمزہ کو پھر ہین کاوشِ دل ہاس پاش سی — قطرۂ خون ہے دو بدو دستہ جانخراش سی

وصل مین بھی نگاہ شوق تا مژہ پیمانہ آشنا سی — غمزدن کے اہتمام سے عشو و نگی دو باش سی

حسرت و یاس اور الم محنت و غصہ دیدہ و غم — خانۂ دلکو آئے ہین پوچھنے سو تلاش سی

نقد غم ہزار سال خرچ ہے ایک روز کا — سخت تنگ آئی ہین اسد دل بہ معاش سی

سرو کو کہی جو آپ کو قامت یار راست ہے — کسکو دماغ گفتگو کندہ ناتراش سی

شب وہ بہار حسن سے دل مین جو یاد رہ گئی — ٹپکے ہے خون آرزو اب تلک اپنی ملاش سی

جامہ سفید سادہ صبح سے وضع ربط وہ

حسن کی کچھہ رنگ ہین بادلہ اور تاش سے

تیرے وعدہ کو نگاہان باور کہان ہے — کہ جیون غنچہ زبان زیر زبان ہے

تیرا چہرہ ہی یا خورشید محشر — تیرا قد یا قیامت کا نشان ہے

ہوا آیا کاروان حسن خط سے — نمایان صاف گرد کاروان ہے

سمجھہ لیتا مین آئینہ سے ای یار — کہون پر کیا تیرا منہ درمیان ہے

چڑہا آنکھون مین سینہ سے دم اپنا — اوسی پر خط دو پہلو پر دہان ہے

بھلا آوارہ یون پھرنے لگا تو
وہ عقل و ہوش اب تیر کہان ہے

ملائین لب سے لب جو عشق مین ربط
یہہ کیا حالت نصیب دوستان ہے

بہاد نرگس شہلا خلل دماغ مین ہے
بجای بادۂ گلگون خون میرے ایاغ مین ہے

برنگ نالۂ حسرت ہی پیش قامت یار
اگرچہ خلد مین طوبی لسے ہے سرو باغ مین ہے

زبس ہے صرف تماشای گلرخان بلبل
فتیلہ جیون نگہہ بلبلان چراغ مین ہے

صبا نے کہولدیا کس کے زلف کا عقدہ
کہ درہمی ہمگی پردۂ دماغ مین ہے

نمود سرخی خون ہو رہی ہی ہر اطراف
بہار برگ گل لالہ میرے داغ مین ہے

عبث ہی تجکو تمنای مطبخ گردون
کہ گرمی بغل مفلسان اوجاغ مین ہے

بصد کشاکش اوسیکا نشان تیر ہی جو
بمقتضای زمان گوشہ فراغ مین ہے

گلون نے جیب قبا چاک کرلیا ہی مگر
نسیم پیرہن یار آج باغ مین ہے

بس اب تلاش سخن بڑہ گئی بہت ای ربط
وفا کرے یہہ کہان حوصلہ دماغ مین ہے

جسے درد کہتے ہین دلکی دوا ہے
غم اپنی غذا مرگ اپنی شفا ہے

بصد جان حاضر ہو ہمنین دل تو کیا ہی
رضامند ہون جسمین تیری رضا ہے

کہان مر رہون دلسی جب تینی پوچہا
کہا کوچۂ یار مرنے کی جا ہے

تڑپنے پہ بسمل کے کہتا ہی ظالم
بہلا اسکے مرنے مین اب دیر کیا ہے

پڑا ہی دل اُسکے پانے کہ جس مین — نہ رنگ جفا ہے نہ بوی وفا ہے

قطعہ

پتا ربط کاکل جو پوچھا صبا سے — کہا یون کہین اڑتے اڑتی سنا ہے
گرا اک خاک پر سر ہے کوئی تپان مین — خدا جانے جیتا ہی یا مرگیا ہے

غزل

کشتۂ ناز بتان ہون عشق ہی تلوار سے — ہر خط زخم گلو کچہہ کم نہین زنار سے
بس ہے یہہ اپنا فغان غم بہار داغ دل — کام بلبل سے نہ پہر مطلب رہا گلزار سے
کیا ہوا ای جوش تجکو نکلتی ہی نہین — بوند پہر آنسو کے میرے چشم دریا بار سے
رشک گلکی یاد مین رو دیا تو دانے اشک کے — گلستان مین بلبلون نے چن لیا منقار سے
ضعف یہہ تہا وہان جو پہونچایا طلسم عشق نے — ملگیا مین اُس پری کے سایۂ دیوار سے
دو پہ تکلیف سخن پیدا ہو عالم مین ابہی — غم میرے گفتار سے ماتم میری اظہار سے

قطعہ

وہان ہنسی مین ہو جو ہار اُس کو ہر دندان کا عکس — یہہ نزاکت ہی کہ جہک جاتی ہی گردن بار سے
یہان خیال آیا مجہی اُس تیغ ابرو کا کہ بس — کٹ گئی رونہین گردن انسو ذکی دہار سے
ارتفاع مرتبہ عرفان کو پہونچا یا نہین — کب صدا آئی انا الحق کی زبان دار سے
دل پہسا اُس زلف مین اُف ری غضب ظلمت ستم — کہیے اب کیونکر نکالین مین دہان مار سے

قاصد اُسنے کہا کیا مہر سے ذرہ کو ربط
نام میرا یار سے یون نکلا زبان یار سے

اسطرح پردہ سے اُسکا رخ روشن نکلے
جیسے دامن سے چراغان تہ دامن نکلے

خانۂ دل کچھہ ابھی تنگ ہی اے کاوش غم
چاک ہو سینہ ذرا اور تو آنگن نکلے

انگلیان تب تو کٹین مثل ترنج اے یوسف
اب اگر دشنہ بکف یار کے چنون نکلے

دشت مین قیس تو لیلی اسی ملی وان ان
کیا تماشا ہے اگر تو بھی اُدھر بن نکلے

ذبح کرتے ہوی ڈرتا ہی سسکنے سی مرے
طبع قاتل سے کہین جلد لڑکپن نکلے

عاقبت سمجھی تو یہہ خانہ تن ٹھیرا گو
داغ چہاتی کے چراغ سر مدفن نکلے

ازبس آنکھین تیری گیسو پہ لگین ہین ظالم
مژۂ چشم ہو گر زلف کی کترن نکلے

داغ ہجران کو ہوی سیر دکھانی منظور
کیون نہ پہر دل سے مری حسرت گلشن نکلے

شاخ نرگس نظر آتے ہین چمن مین اسطرح
جیسے اوس چشم کے بیمار کی گردن نکلے

دل وہان ہو کہ نہو غم نہین اُسکا لیکن
تھے جو دربان در دوست وہ دشمن نکلے

زلف کافر ہے رخ یار پہ زنار بدوش
ربط اب ڈہونڈ تو کعبہ مین برہمن نکلے

ہے کسی بت پر نظر اپنی جو چشم زاری
آنسوؤن کے تار مین صورت ہی اک زنار کی

دل جلے سر سے گزرتی ہین بہر رہتی ہین خموش
ہے زبان شمع مین طاقت کہان گفتار کی

تیز طبع شوخ سے وہ ناخن فرسودہ بہ
تیغ ابرو سے تیزی کیا جلا ہی تلوار کی

جان بیتاب ہے تیری زیر مژگان چشم پیوار — مہ ہنگ زرد دم لیتے تہنڈی چہاہہ مین دیوار کے

تشنہ ہمت جانو سیال آیا سبکے قتل کا — بار خون سے ہے گردن نازک ہوئی خم یار کے

خندہ گلہائے عشق روتی ہی بلبل دیکہہ تو — گریہ زخم جگر پر یہان ہنسنے لوفار کے

دیکہکر دشت جنون مین ربط مژگان سرشک
ہے پانو سے چہالون کو الفت خار کی

ہماری عشق مین سودا یہ سرسری جانے — وہ ماہ مصر ہمین اپنا مشتری جانے

خیال اسکا جو ہے تا سحر دل مین — اتاری ہے ہنے توشیشہ مین یہ پری جانے

ہزار غنچہ گل تہی لیکن کہان بلبل — جو چٹکیون مین وہ انداز دلبری جانے

وہ آنکہہ وہ بہوین وہ رخ کہ جسکا حسن بیان — نہ شاعری نہ ہلالی نہ انوری جانے

وہ ذبح کرتے ہین ہمسے توشائق دیدار — ستم نہ جانے نصیبون کی یاوری جانے

فراق یار مین وہ اگ جہاتے ہین آتش — ہم اپنے رونے مین اب کچہہ تو بہتری جانے

ہلال بدر ہوا گہٹ کے تیری رخ کے حضور — خیال خام جو اد کی برابری جانے

برا سے ایکا اسکی جو وہ دل نادان — وفا کی راہ نہ رسم ستمگری جانے

تیری خفا سے خفا اور تیری خوشی سی خوشی
قسم ہے ربط اگر بات دوسری جانے

کیا جسم وہ عاشق ناشاد دل نزار سنبہالے — ممکن نہ تہا یار کو ہمارے سنبہالے

مژگان کو نقش ہی تیری چشم کا ایسا — جیون نرغہ مین دامن تا خنجر ا...

اللہ ری ضد آپ مسلمان سے ہوئی بت
تسبیح جو تم توڑ کے زنار سنبھالے

لچکے نہ تو کیا جسم تصور کی نگہہ کا
نازک کمر اُس گلکی بہلا تار سنبھالے

کہتا تہا جو کل توبہ کیا آج عزیزو
لاتے ہوئے دیکہا اُسے دو چار سنبھالے

قطعہ

زلفوں کے طرف دیکہا تو بل کہا گئی وہ
ابرو کے طرف دیکہا کہ تلوار سنبھالے

اس راہ مین رکہے ہو قدم تم تو ای رابط
پر دیکہو ہشیار خبردار سنبھالے

رنج کیا ہے دو گہڑی کے واسطے
چہیڑتے ہین وہ ہنسنے کے واسطے

غم نہین اندہیر اگر مرقد مین ہے
داغ دل ہے روشنی کے واسطے

اُسنے نیکی کی بہلا امید کیا
جنکی خلقت ہے بدی کے واسطے

کسطرح آتی تہے اب دیکہین تو موت
ہم تو مرتے ہین کسی کے واسطے

رنج کیا ہمنے اٹہائے آپ پر
اک نقطہ تیری خوشی کے واسطے

کیون عبث کرتے ہو اتنی گفتگو
ایکدم کی زندگی کے واسطے

رابط کیا کیا مین کہون اس دہر مین
لاکہہ دکہہ ہین ایک جی کے واسطے

بر سر لطف جو اُس ترک کی شمشیر ہوئی — زخم یہہ کہاں کہ جینی ہوس سیر ہوئی
طرف کوچہ جانان جو بہی گرم نسیم — جلکے یہان جان حزین راکہہ کی ڈہیر ہوئی
رم گیا شہر سے گہبرا کے جو آہو کی طرح — دشت مین اور سیری وحشت دل سیر ہوئی
مرگ بہی بہول گئے نزع مین جیون یار مجھے — ہچکیان رہگئین اپنی بہت دیر ہوئی

ترک ہو حرص و ہوا یہہ ہی تو اک حرص ہی ربط
وہ زبردست کہ جس شخص سے یہہ زیر ہوئی !!

وہ یون غمزۂ شوخ مژگان سی نکلے — کہ جیون شیر کوئی نیستان سی نکلے
رگ دامن ابر تر ہو گئے وہ — جو تھے تار اپنے گریبان سے نکلے
مجھے بزم مین دیکہکر بولتے ہین — بہلا چاہیے اپنا ابہی یہان سے نکلے
ہوا داغ پر داغ سینہ پر اپنے — شگوفہ سا کوئی گلستان سے نکلے

یہہ ممکن ہے ای ربط مژگان کی اُسکے
کسک دل سی نکلے کہٹک جان سے نکلے

وہ کونسا ہی چمن جسمین جیون صبا نہ پہرے — کہان کہان تیری رکہہ ٹہلکے ہم ہوا نہ پہرے
اگرچہ بوسہ دہ دیکر لئی ہین دل میرا — پہ اُنکو سوچ یہی ہی دیا لیا نہ پہرے
نظر نہ اپنی مہ و خور کی اُلکی صورت — جو راتدن تیری ای چرخ آستانہ پہرے
فلک ستارۂ طالع زمانہ دوار — یہہ سب پہرے تو پہری پردہ دلربا نہ پہرے

ہوا مرا تن کاہیدہ کاسا ای ربط

یہہ سیل اشک کیون کر بہا بہا نہ پہر ے

دل یہہ محو جمال اوسکا ہے
خواب مین بہی خیال اوس کا ہے

کیا اوس ابرو کی خوش خمی کہئے
یہہ نمونہ ہلال اوس کا ہے

اپنے زخمی کو آب تیغ پلا
جی نہایت نڈہال اوس کا ہے

وہ جو نازک سے ڈہب سے ہے نکلا خال
دل میرا پائمال اوس کا ہے

قطعہ

خوشنما چشم تسپہ نقطہ صفت
وہ جو چہوٹا سا خال اوس کا ہے

حضرت دل یہہ عین ہے یا غین
جاننا اب محال اوس کا ہے

چہپنا دل کو ربط باتون مین
کیا کہین یہہ کمال اوسکا ہے

طلب پر نہ بوسے کے منہ پہیر لیجے
خفا تو نہو خیر دیجے نہ دیجے

دل اُس سخت جان کا ہی مائل کسی پر
تمہاری یہہ کیا خاک پتھر پسیجے

قطعہ

طلب ان سے کی بوسہ لب کی ہم نے
تو کہتے ہین کیا صاف آپ منہ پر

جو یہہ آگئی جی مین ٹک پھیر لیجے
ذرا آئینہ مین تو منہ دیکھہ لیجے

ہوئی ایک مدت کہ جاتا رہا دل
بھلا کیا ہوا جو رہا اب ہاتھہ لگنے

وہ گلرو پنجہ نازک مین جب مہندی لگاتا تھا
جمع کی آہ بلبل نے کہ جلتی آتش گل مین
بلا ہے سحر سے افسون ہی کیا ہی جو دم کرتا
گئی تاب و توان یہان تک عزیز و کیا کہون تجھ سے

ہمارے کو بہشت اپنی ہتھیلی پر دکھاتا تھا
گمان ہے باغبان کو آشیانہ یہہ بناتا تھا
ہمارا نالہ گرم آگ پانی مین لگاتا ہے
کئی دن سے تو مین رونا بھی اب ترک کر آیا

برنگ شیشہ ہی اسے ربط ظاہر دور عالم مین
جو سر کھینچے ہی مستی سے آخر سر جھکاتا ہے

سمایہ زنجیر کاکل مین جو دل محبوس ہے
مردم چشم اتری پر طفلہای اشک کے
آئیگا سینہ سپر اوس گلرو کی فرقت مین ابھی
بن گیا سینہ مرا عشق صنم سے بتکدہ
ہم یہہ کہتا ہی چشم غرور دیکھو تو ذرا
مر گیا مین پر نہ مجھسے کچھہ وفاداری ہوئی

ہو گیا روشن کہ ہر وہ شمع یہہ فانوس ہے
جنبش مژگان سے کیا ملتی کف افسوس ہے
داغ کو دلسے مرے تب تو کنار بوس ہے
داغ رشک شمع نا یہ غیرت فانوس ہے
چو زمین و آسمان شکل کف افسوس ہے
گو نہین بھی تیری عاشق کو بہی افسوس ہے

آگے دیکھا تو وہی صفا کہان گئے تھین وہین

ہم تو سنتے تھے کہ اب وہ رابط سے مانوس ہے

واہ کیا کاری ہوئی پیکان تمہاری تیر کی
سینہ و دل سے نکل آئی کلیجہ چیر کے

شب جو زندان مین خیال آیا ہو ونکا یار کے
شکل ماہ نو ہوئی حلقے میری زنجیر کے

کور باطن سے ہین روشن باتونکو حصول
دیکھہ لیجے شمع پر جور و ستم گلگیر کے

مجکو زندان مین جو کل سیر چمن یاد آگئی
شور بلبل بن گئے نالے میری زنجیر کے

کاملون کے فیض سے ناقص کو ہوتا ہی کمال
کیونکہ مس بنتا ہی سونا پڑتے ہی اکسیر کے

قید مین فیض تصور سے کسیکے چشم کے
ساغر مے بنگئے حلقے میری زنجیر کے

شعر گوئی مین سنا ہی رابط ہمنی بارہا
سے ہے وہی استاد جو جادہ پر آیا میر کے

جب چشم زار اسکے رخ صاف پر کھلے
دلپر میری حقیقت آئینہ گر کھلے

کیفیت اسکی سقہ پیکان تیر کی
دلپر کھلے جگر پہ کھلے جانپر کھلے

زنجیر دود شمع نمط آہ دل کی لاگ
خانہ بجانہ فاش ہوئی دربدر کھلے

خون ہزار گردن گل پر تھا اگر
غنچہ سے کیون برآئے دیت مشت زر کھلے

نرگس کو اسنے پائی نگارین سے جو ملا
آیا کسی شہید کے تھی چشم تر کھلے

شب اس پری نے نقش سے جلایا فتیلہ وار
نامہ کہا نہین تھا میرا پر خبر کھلے

دیکھا نہ مجکو اسمہ نامہربان نے رات
حال کتان پہ حیف نہ چشم قمر کھلے

یوسف رخون کے عشق مین سودا ہی پائیگا
عزت یہان عزیز کی پھرتی ہے سر کھلے

ہم تشنہ کام اب دم تیغ رہ گئے — قاتل کے وقت قتل ہماری کمر کھلے

اے **ربط** رات کسکی تمنا مین چشم شوق
یہہ منتظر رہی کہ رہی تا سحر کھلے

دشت پیما کوئی گلشن کی فضا کیا جانے — لطف گلگشت چمن آبلہ پا کیا جانے
ذی حیات اوسکے محبت مین مرے جاتے ہین — لیکن اک خضر تو مرنیکا مزا کیا جانے
کوئی پیدا نہین بیماری ہجر انکا طبیب — گو کہ عیسیٰ ہے مگر اسکی دوا کیا جانے
شکوۂ پیک نسیم سحری کیون نہ لکہون — پیچ کہانے کو میری زلف دوتا کیا جانے
خون عاشق سے نگارین جو رہا ساری عمر — کہئے وہ ہاتہہ بہلا رنگ حنا کیا جانے
اُس سے آشفتگی دل کی شکایت کیا ہے — اس پریشانی خاطر کو صبا کیا جانے

دلمین داغون سے بہلا آگ لگی ہو جسکے
ربط وہ تختۂ لالہ کی فضا کیا جانے

غبار کلفت غم سے دل عاشق منور ہے — یہان گردیتی وجہہ آب روی گوہر ہے
بشکل آئینہ گہر ہی مین آب و نان میسر ہے — بنا سد رمق کی جسنے ڈالی وہ سکندر ہے
دیار عاشقی کی راہ کا سنگ نشان سر ہے — دیا جسنے کہ سر اس راہ مین اپنا وہ رہبر ہے
مجہے آرام زخم تیر قاتل سے میسر ہے — پر سوفار جان مضطر بکو بالش پر ہے
جو وہ پرتو فگن روئے عرق آلودہ دلبر ہے — درون آبلہ جوہر سے رشک آب گوہر ہے
کدورت مانع بینش ہے جبتک دل مکدر ہے — حضور کور چشمان آئینہ سد سکندر ہے

بہرا ہی خون آنکہون مین فلک کے یا شفق وہ ہے
کہ مقتل مین تہ خنجر کسی مظلوم کا سر ہے

جہان بتکدہ ہی مطلع خورشید سے فارغ
سیہ روزان مستی کو وہان شیشہ خاور ہے

نہ کیون کر عالم مینا ہی مے ہو سرو ظاہر ہے
کہ طوق گردن قمری سے پیدا خط ساغر ہے

نہ پہونچی تا بمطلب اہل مطلب کی مطلب تک
حصول مدعا کو آرزو سد سکندر ہے

چمکنی بہی نپایا تہا کہ وہ تو بجہہ گیا ہی ہے
مگر ای خرچ طالع کا ہمارے اختر اخگر ہے

سیہ کاروشنی وضع راست آخر نگی تہ تک
کہ پامال جفای خامہ دایم خط مسطر ہے

ادہر سے دید ظاہر ہے ادہر سے دید باطن ہے
ہمارا چاک سینہ ہی کہ چشم روزن در ہے

سبب زندگی کا تہا سو اسباب قضا ٹہیرا
رگ جان خون دل کرنہ اس مجنون کی نشتر ہے

نصیب خاطر شگفتہ جیون گل ہی نہیں دستی
برنگ غنچہ لسگل تنگ دل کے مشت مین زر ہے

نہ ٹپکین لخت دل گریہ مین تو سوکہی نہین مژگان
ثمر دیتا نہین وہی جو شجر وہ خشک بہتر ہے

نکلتی دل سے پہلے آہ ہی پہر چشم سی آنسو
نشان آگے چلا جاتا ہی پیچہی پیچہی لشکر ہے

دل پر داغ مین ہین درکنار آہ لخت دل
چمن مین آج پہولونی بہرا دامان ہر صرصر ہے

زبان طفل سان پیتا ہی جو خون رگ و ریشہ
مگر تیشہ کو لوہو کوہکن کا شیر مادر ہے

قطعہ دیگر

دیار شاعری کو جب سے پہونچا ربط سا کم ہ
خوشامد سے نہین کہتا خوشامد چیز دیگر ہے

حفظ انگشت خضر ایک ایک مصرع آپکا ہیرا
کہ اس جادہ پہ آیا جو کوئی وہ اپنا رہبر ہے

تن کاہیدہ لاغر چشم تر خاطر مکدر ہے
تکلف یہانتک آسنے مین عبث ای بندہ پرور ہے
میسر ہے برگشتگان عشق کے مذہب مین کہتے ہین
نہ مطلب مجکو شیرین سے نہ مطلب مجکو شکر سے
صبا پیغام بر تہی جبتلک ہم آہ بہرتے تہے
ہم اک پتہر سی نسبت دیکہا ہیکو بری ہیتو دنیا
ہوا وہ پہلے مقبول ہدف پہر دلپہ زخم آیا

جگر سے ہے تکڑے تکڑے اور جی اپنا لبو تیر
خدا شاہد ہی میرا گہر نہین یہ آپکا گہر ہے
غریق رحمت اسکو جو غریق آب خنجر ہے
تمہاری ہونٹ شیرین تمہاری بات شکر ہے
ہوی اب نیم بسمل نامہ بر لوٹن کبوتر ہے
وہی اپنی لبون کو لعل ٹہیرا وین تو بہتر ہے
خدنگ یار سی تیر دعا دوہاتہہ بڑکر ہی

قطعہ

عبث کیون رو رہے ہی آتش گل مین کہین جلنا ہے
نہ کہتا ہی کوئی اپنی نہ سنتا ہی کوئی تیری

جو یہہ صورت ہی تو مرنا ہی اس جینے سے بہتر ہے
زبان غنچہ لال اور گوش گل کر ہے

گنہ گار اسلئی ٹہیرا کہ عزت کا رہا طالب | بدولت ابرو کے جیون گہر دامن میں آتی ہے

پچھیڑو ربط کو بہر ذکر لا کر آہ و گریہ کا
کہ وہ رونے کو دریا اور جلنے کو سمندر ہے

تمت تمام شد

سلام ہا و قصائد و واسوخت و رباعیات
و غیرہ فارسی آنچہ بہم رسید ند آن نیز
بقلم در آمد

سلام ہا

قاصد اشک لئی یہہ خبر غم آیا
بجری رونے کے دن آئے محرم آیا

جام پر جام ملا چشمۂ کوثر سی اوسے
غم شبیر مین رونا جسے پیہم آیا

یہہ سبب شرکی فقط مرثیہ خوانی کا ہے
عنبر چرخ پہ جو عیسیٰ مریم آیا

غم شبیر مین پلکونکی جھپک سی ای چشم
کیا تیری سینہ پہ یہہ پنجۂ ماتم آیا

بولے کبرا سی حسین آئی جو قاسم کی لاش
ایلو بیٹا یہہ تمہارا وہی ہمدم آیا

پیاس کے ماری تڑپکر یہہ سکینہ نے کہا
لو چچا جان کہ ہونٹونپہ مری دم آیا

حرم شہ کو پلایا نہ کسی نے پانی
مگر اک جام لئے دیدۂ پرنم آیا

ماجرا شمر و حسین ابن علے کا مت پوچھہ
کہ وہان تیغ مین بل حلق مین یہان دم آیا

شمر سے عابد بیمار یہہ فرماتے تھے
شہ کو مارا تجھی کچھہ رحم نہ اظلم آیا

ربط بار غم شبیر اٹھایا نہ گیا
پشت افلاک دوتا ہوگئی یہہ خم آیا

خون جو مجرای غم شہ مین گریان ہوگا
غیرت صبح چمن چاک گریبان ہوگا

اولین دشت بلا خون سے گلستان ہوگا
آخر آخر یہہ چمن گنج شہیدان ہوگا

ہای تیر ونسی چھدا ہووے گلوی خنجر
کیون نہ ہر لخت جگر صورت پیکان ہوگا

بولی زینب کہ نہ دو رخصت جنگ اکبر کو
بھای میری یہہ بہت آپکا احسان ہوگا

لاش شبیر ہو جب تیر جفا سی غربال	خاک سے چہن کی نہ کیون نور نمایان ہو جائے
آپکا بعد اگر تفرقۂ آل عباء	جیب دامن سی جدا جیب سے دامان ہوگا

قطعہ

یا حسین ابن علی سنتے ہی اتنا منہہ سے	چہاتی پر آئیگی بیشک اگر انسان ہوگا
جل گیا جو غم شبیر مین تو حشر کے دن	بنبہ داغ جگر مہر درخشان ہوگا

قطعہ پنج شعر

شہ سے زینب نے کہا بہائی کچہہ انجام کار	مجکو تبلائی ہوگا تو کہا ہان ہوگا
سو یہہ ہوگا کہ اڑا ہی جو میرا طایر روح	پر پروازا و سے خنجر بران ہوگا
میرے دلدار سوا انمین نصیب ایک کو قید	ایک کو زخم سنان ایک کو پیکان ہوگا
اور جب تیرون سے چہانیگے عدو بدکیش	پسر شیر خدا شیر نیستان ہوگا
جیون قمرہ اہل حرم کا سر غم کی ماتہو	چاک لے جیب سے تا گوشہ دامان ہوگا

قطعہ

سنکے یہ فکر نہ کر جیمن تو ہرگز ہرگز	اہل جنت ہی وہی جو کہ مسلمان ہوگا

مہر داغ غم شبیر سے رکہنا ہی سند

ربط انعام تجھے روضہ رضوان ہوگا

اب سر کا سلامی نہ کوئی تن نظر آیا	پر حلق مین آب دم خنجر نظر آیا
معراج سر شاہ ہوئی نیزہ پہ جب دم	سرور ہی پیمبر کے برابر نظر آیا
حضرت کی شہادت ہی نبوت سی نہین کم	خنجر اوٹھے جبریل کا شہپر نظر آیا
پھر رتبہ غوثیہ بھی ہوا ختم اونہین پر	سر تن سے جدا تن سی جدا سر نظر آیا
قتل شہ دین کا تو بہت کام تہا باریک	پر شمر کو کیا جانیے کیونکر نظر آیا
یہہ قصہ جانکاہ نہ سُنا تہا سُنا آہ	یہہ غم نظر آتا ہی نہ تھا پر نظر آیا
شبیر کے ہم غم مین نہ روئین تو کرین کیا	کچہہ اور ہمین اس سے نہ بہتر نظر آیا

قطعہ شش شعر

چمکا علم حضرت عباس جو رن مین	برپا وہے ہنگامہ خیبر نظر آیا
تھی جوہر شمشیر عیان چین جبین سے	کچہہ چہرہ تابان جو مکدر نظر آیا
سب شام کے ساکن یہی کہتے تہے دم جنگ	یارب یہہ ہمین عالم دیگر نظر آیا
بجلی سی چمکتی تھی وہان ابر سیاہ مین	یا جلوہ علم کا سوی لشکر نظر آیا
یہہ بان گرا معرکہ شام مین آکر	یا کوئی شب تار مین اختر نظر آیا
کی عباس نے جب تیغ تو جو منہہ پہ پڑا پھر	اک وار مین دو ٹکڑے برابر نظر آیا
اکبر کو عدو دیکہہ کے شرما گئے ہوتے	کیا اونکو نہ ہمشکل پیمبر نظر آیا

جانا نظر آتا ہی کہین آنکھون سے جبکا
اکبر کا دہن پیاس مین غنچہ سے ہوا گل
ہر شاہ کو جب مرگئے اکبر نظر آیا
یہہ باغ جہا نمین گل دیگر نظر آیا

قطعہ چہار شعر

یہہ ضعف سراپا مین بھرا تہا کہ نپوچھو
لکھنے کو اگر صفحہ دل پر غم شبیر
تن مردمک دیدۂ زنجیر ہو جسکا
بر نثل صدا ایک کرشمہ کے ادا مین
اشک گھر و رنگ طلائی تن ہمین
وہ جیون سہ تو شام مین انگشت نما ہو
عابد کو ہر اک نقش قدم گھر نظر آیا
ہر ہر خط پہلو خط مسطر نظر آیا
قیدی کوئی ایسا تو نہ لاغر نظر آیا
ہر حلقۂ زنجیر سے باہر نظر آیا
افسوس نگینہ کو یہہ زیور نظر آیا
ایک ناخن پا جبکا نہ باہر نظر آیا

اے ربط لکھون کیا ستم اہل شقاوت
لبریز اسے جور سے دفتر نظر آیا

باب الباء موحدہ

کر دیا غم نے سراسیمی کی دل مضطر کو آب
واہ رے دریا دلی شبیر عالیجاہ کی
کو دیتا تہا شب عاشورا اصغر کو دسے
جب سنا ان مین ہم پہونچے نہین کوثر کو آب
ہاتھ سے اپنی پلایا حر کے سپتیر کو آب
پیاس مین سمجھا تہا وہ مہتاب کی چادر کو آب

بند کر لیتے تھے آنکھین یاد کر کر بھائی کی
ہونٹھ سوکھے دیکھکر بچی کی تھی تھی حسین
ہاتھ دھوئی جان سی سقای اہل بیت نے
کہتے تھی ہمشیر سرور خاک تھہ پر فرات
اسطرح تھی دیدہ بد بلب تشنگی سے
کیا ستم اہل شقاوت کا ہی دیکھو تو سہی
شاہ کو پانی نہین یا دی جو سنگدل

جبکہ آتا تھا نظر شبیر کے خواہر کو آب
کیا کرون کیونکر پلاؤن مین علی اصغر کو آب
جب نہین پہونچا سکی شبیر کے دختر کو آب
جو دم آخر نہ پہونچا شاہ بحر و بر کو آب
جسطرح لبریز کرتا ہی تھی ساغر کو آب
جاے عبرت ہے نہ ملنا مالک کوثر کو آب
آہ زہرا ئی کیا آخر کو اوس تہر کو آب

جان جب جاتی رہی عباس کی دریا پہ پر لطف
سم ہوا افسوس وہ لخت دل حیدر کو آب

باب الواو مہملہ

محری غمزدہ فرزند حسن ایسا ہو
گفتگو زینب و شہ مین تھی یہی آخر کار
حیوتس بر گل تر ہو لہو سی لتبر بر

بھئے شادی مین وسی رنج و محن ایسا ہو
بھائی آگے تیرے مر جائین ایسا ہو
نشر فائی عربستان کا چمن ایسا ہو

قطعہ

الف پیکان ہے برای چرخ بعد آب میں تا
تیر خوردہ وہی اک تشنہ دہن ایسا

شمع سر سوختہ ساں ہو گئی سامان جلتا
دست سجاد گرفتار رسن ایسا ہو

دیکھ کر تشنہ کو وہ بار نہیں گھبرا کر حسین
کہیں وطن سے چلے آج دو لاکھ ایسا ہو

سود ہمکو ضرر جاں ہی غم تو ہم ملنا
اگر ای اہل عزا فیض حسن ایسا ہو

جسم اندوہ جون ... آلودہ خاک
ہائے افتادہ ایسی ہوای وای کفن ایسا ہو

آسمان روبرو درگاہ کی لپٹ ہے
از پے گدای شاہ زمن ایسا ہو

ہرگز غم بنیاد سرو رفتا ہو
کر محشری بہار و خزاں ایک جا نہو

ہے شاخ گل جو دست کشیدہ ہزار
بیعت طلب تو کوئی کسی سے ہوا نہو

پیک سنگ خون شدہ ہیں تشنہ کی
لاشہ کو ایلچی کے تو لٹکا رکھا نہو

پھندے ہیں گرد باد کے جو آ گئی صبا
آوارہ کوئی دشت بلا بیت گھرا نہو

وابستگی سی ... گل کی جو خار ہے
... [illegible] ... نہو

فواری آج اشک کی ... [illegible]
... [illegible] ... نہو

... موج ... [illegible]
... [illegible] ... نہو

ہر گل شاخ تیر ... [illegible]
... [illegible] ... نہو

مری لی عشق ... [illegible]
... [illegible] ... نہو

مرف خزان ہوا ... [illegible]
... [illegible] ... نہو

سنبل جو مو بمو ہی پریشان بحال نقش | بلوی مین سر تو اہل حرم کا کھلا نہو

زنجیر پا سے سرو جو ہے موج آبجو
کچھہ اسنے ربط حال اسیران سنا نہو

باب الیا

تیغ جسکو دشت مین قاتل کے تل مجری کری | آگے اوس جلال ہر مشکل کے کل مجری کری
خاک صحرا بلا کی خون سے ہیہ نگلین ہوئی | دیکہکر جسکو حسن آب گل کے گل مجری کری
تہا ظہور ذکر احدیت لب شبیر سے | کیون نہو ٹہو نکو پہر اوس قلب کے قل مجری کری
بحر رنج و درد مین کشتی ہوی ہو جسکی غرق | اضطراب دل پر اوس راحل کے حل مجری کری
عابد بیمار کی گردن جہکی ہی طوق سے | حوصلہ کو آکے اوس سا غلکی غل مجری کری
تشنۂ عرفان کی ہو سنے سر جہکایا زیر تیغ | ظرف کو اوس مرشد کامل کے مل مجری کری

دُر دریائی شہادت جانتا ہون جسکو ربط
بحر مظلومی پر اوسکو پل سے پل مجرے کرے

ومنو ابلگ آتی ہے سدا یہہ رن سے | آج فرقت ہی سر رشتہ کو بہتر تن سے
آج شاید حسین فاطمہ برباد ہوا | خاک اڑاتی ہوئی آتی ہی صبا گلشن سے
آج سیر حسین کرتے ہین عدو | خون کی فوارے اڑاتی ہین رگ گردن سے

جیب ہی اہل قرابت ذی اوسے قطع کیا — تہا جو رشتہ سر شبیر کو اپنی تن سے

شام مین شام قیامت کی نظر آتی تہی — منہہ چہپانے لگے جب اہل حرم دامن سے

چشم پر آب عیان جوہر شمشیر ہے — قتل سرور پہ ٹپکتا ہے لہو آہن سے

بیڑیان عابد بیمار کو جو پہنائین — تو نے منت یہی مانی تہی فلک چہٹین بن

قطعہ

مجلس ماتم شبیر ہو سرگرم فروغ — شمع سان نکلین گی پہر آج بنے مدفن سے

ہان عزادار غم اہل عبا مین روئین — ربط رکہتا دل ربط سدا شیون سے

سلام ہا تمام شدند

قصاید

قصیدہ کہ در حضور پر نور گذرانیدہ بودند

تیر اکہلاتا ہی کر کر بندۂ حاضر رکاب — کیون نہ چوتہی آسمان پر ہو دماغ آفتاب

وارث ملک سلیمان فخر شاہان جہان — خلق مین مشہور آصفجاہ ہی جسکا خطاب

فیض نیسان کرم سی اوسکی ہر قطری کی جا — مو تیونکی ڈہیر ہو جہینکی جہان دامن سنحا

ہو سکے قید دل عاشق ہی اوسکی عدل سے
زلف کی زنجیر اک دہوکا ہی جیون موج سراب

بدل مین ہو رشک حاتم عدل مین نوشیروان
شان و شوکت مین سکندر زر دہی مین افراسیاب

ہی اوسیکی حلم سی سرسبز باغ سلطنت
راست ہی دیوان فطرت سی ہوئے انتخاب

ہوین ہر اہل خطا شاہ ختن سب ساختہ
مشورہ کار قضا ہو گر تیرے راے صواب

قطعہ

تربیت کے وقت مین اشیای عہد دار کے
طبع رنگین سے تیری گر فیض پاوی آفتاب

پہر تو شاخ بید و شاخ گاو سے ہر فصل مین
حاصل آوے جا برگ و گل زمرد لعل ناب

وصف کیا ہو خیمہ گاہ شاہ جسمین سے ایک
یہہ فلک سیچوبہ اور یہہ کہکشان تار طناب

نعمتو نسی اپنی جب مطبخ کو تیرے بھر چکا
اوندہی کردے آسمان کی مطبخ قدرت نے قاب

قطعہ

کیون نہ پائے رفعت اوسکا آسمان پر ہو بہلا
جسکے توسن کی ہلال عید کو ہی رکاب

ہے وہ گہوڑا جسکے دیکہو سما تک ایک جست
فکر شاعر کہئے اوسکو یاد عا مستجاب

فیل پر شاہو نکی صف مین کیا کہون تیری نمود
جیون ستارون مین فلک پر جلوہ گر ہو آفتاب

ہو جو ہو گا صبح کا تو آتش معدہ سی سب
تیرے دشمن کا ہی جلنا ہی دل شاہی کباب

ہے دعا سے ربط یہ ہنگ ہے فرض مہر و مہ
ایک عالم ہو تیرے خوان کرم سے فیضیاب

تمام شد

قصیده در مدح وزیر اعظم نواب سراج الملک بهادر رقم شده بود

دیرین جب دلنی میری سیر خاطر خواه کی
فقط حیرت سے اشارت اوسنی سو ماه کی

هه تو کش دولت سرا کی بزم آرای ہر آج
رکھتی ہی خورشید سیمای دل آگاه کی

ماه نے سنکر کہا اوس بزم کا کس سے ہو ذکر
ہان مگر اتنا کہ وه محفل ہے واہی واه کی

مین ہی ہو وہان چاندنیکی تصفیه کا عهده دار
روشنی ہی میری خدمت بنده درگاه کی

کیون نہ ایسا ہو سکندر طالع اوسکو شمر
ہے امیر اعظم دوران ارسطو جاه کی

وه ارسطو جاه جسکی وسعت ملک کرم
سچ تو بعد مسافت نے فقط کوتاه کی

بسکه تسخیر دل عالم مین ہے اسکو کمال
جسطرف دیکھو صدا آتی ہی واہی واه کی

آج یہ قوت ضعیفونکو ہی اوسکے عهد مین
کهربا آتا ہی سر کے بل کشش سے کاه کی

جس پیادی کو سمجھکر چال کا فرزین کیا
رخ گری اوسکے طرف پھر کیا ہی قدر شاه کی

حاتم و نوشیروان اب جسکے پیش عدل و داد
اسکے دو نون نے بہم تا عرش اعظم راہ کی

چشم بد ور آج جو زیب کمر ہی اسکے تیغ
کوہ ہی چور رنگ اُس شمشیر دشمن کاہ کی

جو دوت ذہن و ذکا ہی طبع اور حلم و ادب
جو عطا کی حق نے اسکو اسکی سب دلخواہ کی

ہو معاذ اللہ مرض اوسکی عداوت کا جسے
کب زمانہ اسکو پھر دیتا ہی فرصت آہ کی

جان و دل سے وہ زبس شیر خدا کا ہی غلام
شیر گردون ہان کرے ہی پاسبانی بارگاہ کی

اے وزیر اعظم فرمانده عرض دکن
فیض ہی بیشک تجھے درگاہ سے حضرت شاہ کی

یا الٰہی جبتلک ہین چرخ پر یہہ مہر و مہ
روز افزونی ہو اوسکی عمر کی اور جاہ کی

گلشن اقبال مین دایم رہین شاداب وہ
آرزو بر آئین سب اوسکے ترقی خواہ کی

شمع سوزانکی طرح سارے عدو ہون پایمال
زرد رو صورت کرے خالق تیری بدخواہ کی

ربط چل پھر دعا اوسکے حضوری مین کہ آج
ہووےگی پروانگی تیری بھی اب تنخواہ کی

تمام شد

قصیدہ در سیر باغ بمدح مہاراجہ صاحب قبلہ راجہ او جاگہ چندر رای بہادر تحریر یافتہ بود

کیا دیکھتا ہون نیند اچٹتی ہی جا صبح کو
اک حور مہروش ہے کھڑی سیر روز

وہ زرق برق زیور و پوشاک کی کہ بس
بالو مین جسکے موتی پرو دی ہین مہ بہ

آن و ادا پہ اوسکی گریبان کی جو چاک — تار نگہہ سے اپنی اسے کردی وہ رفو

ہو سمین اوسکے مانگ ہی اس آب و تاب سے — جیسے بنفشہ زار مین بہتی ہے آب جو

پیشانی شکل آئینہ پہر نسپہ عکس سے — موج نگہہ کے چین کا پڑنا کبہو کبہو

کاجل کا وسمہ ٹھہری ابرو کی تیغ پر — کیا مخمل سیہ کا نیام اوسکے روبرو

شاخ اوسکی گل نکالے نرگس کی شاخ ہو — آہو گر اوسکے چشم کی ہو جائے دو بدو

چہرہ ہی اوسکا سورہ یوسف تو پہر مژہ — زیر و زبر ہین حسن کے مصحف کے ہو بہو

سیپارے ہین یہہ دیکہو الف لام میم کے — وہ اوسکی بینی و دہن و زلف مشکبو

عارض کا حال دیکہے اگر لالہ چمن — ہو داغ دلکی دل ہی مین بس گہوٹ کر لہو

دندانکی اوسکے وصف مین تب کہولئے زبان — دیجے دہن کو آب گہر سے شست و شو

صفحہ پہ رخ کے اوسکے مسی زیب ہو نہ ہو — نسبت ہی کیا سیاہی مہر عقیق کو

چاہ ذقن کی اوسکے ہر یکدل کو چاہ ہو — یوسف جو گرتے اسمین نکلتے نہ پہر کبہو

غنچے کے رنگ اوسکے تکیلی کہین نمود — بالیدگی کی جنکو ہر اک آن آرزو

نازک کمر کا اوسکے نپایا سراغ کچہہ — دست خیال کو رہے ہموارہ جستجو

نازک ہین برگ گل سی نہایت کچہہ اسکی پاؤن — بلبل کے عشق مین خلل انداز ہو نہ تو

اس حسن سے جو وہ نظر آئی مجہی تو مین — پوچہا بصد خوشی مری جان کون ہی تو

مین رشک حور تجکو کہون یا فرشتہ خو — بولی کہ مین بہار ہون اور اپکی چار سو

ڈالی ہے مین نے دہوم یہہ گلزار دہر مین
سبز امداور شیخ برنگ ید سبو
کاٹونگی سوزن اور برگ گل کے تار سی
کسواسطے کہ آج ہی مصروف سیر باغ
سو کون راجہ رای بہادر کہ جنکی آج
جاتو بہی کوئی لکہہ کے قصیدہ سنوا ئیگا
یہہ سنکے مین بہی حاضر مجلس ہوا وہین
ہی آفتاب کو تیری ہر صبح جستجو
عالم یہہ تیری بذل سی ہے لا طمع
دیکہی جو ذوق گردن قمری تو تیرا عدل
نوشیروان حاتم و بقراط سیکہہ لین
ہی دہر مین بصحت و جمعیت اک جہان
ہمارہین تو چشم پریشان ہین تو زلف
اب لاگ رہگئی ہی تو اک عشق و حسن مین
جلدی لکہون سمند کے تیری تو یہہ رہین
وہ آنکہہ وہ کنوتی وہ جودت مین کیا کہون

گل تب کہلی سنی جو ذرا کان دہر کے تو
کرتے ہین آب بادہ گلرنگ سی وضو
ہوتا ہی ناصحونکا بہی چاک دہن رفو
وہ شخص جو ہی گلشن دنیا کی رنگ و بو
بخشا گلونکو رنگ ہی شبنم کو آبرو
منظور اپنی قدر سخن تجہکو ہی کبہو
مطلع لکہہ ایک مہر کے مطلع سے ہو بہو
ہر شام ماہتاب بہی پہرتا ہی کو بکو
پڑہتا نہین ہی اب کوی اشعار آرزو
زنجیر پائے سرو کرے موج آب جو
آئین عدل و نوع کرم طرز گفتگو
محتاج نے علیل ہکو ئی فسردہ خو
دیکہا نہ تنگدل دہن یار اب کبہو
اور فکر رہ گئی ہی تو موزون مزاجکو
اک پلکے پل مین پہونچو دکن سے پہ لکہنو
سر چوٹی اوسکی ہمسر زلف رخ نکو نکو

وہ گردن اوسکی مورسی ناگو کے وہ ہین — یہہ عاشقون کی پاتہہ وہ معشوق کا گلو
دیکھا ہون جیسے شام وشفق اور ماہ عید — وہ فیل اور وہ جہول نگارین پہر اسپہ تو
بس ربط تجھسے ہو چکی تعریف اوسکی بس — مطلع لکھہ ایک باغکی اوسکی صفت مین تو
نسبت دی قہقہہ سے جو دیوار باغ کو — گل کہلکھلا کر ہنس پڑے گلشن مین چار سو
باغ بہشت کا ہی نمونہ ہوا ہوا — چشمہ ہے جسمین چشمۂ کوثر کی آب رو
انگڑائیان لے جیون کوئی جہک جہک کے نشہ مین — ہے ڈالیونپہ تاک کے عالم یہہ ہو بہو
وہ سرو کی اکڑ وہ نزاکت گلابکی — یہہ قامت نگار وہ خوبونکا رنگ رو
نرگس کے وہ بہار وہ سنبل کا پیچ و تاب — یہہ چشم پرخمار تو وہ زلف مشک بو
وہ بلبلون کے چہچہے وہ قمریونکا شور — یہہ صوت جانگداز تو وہ نعرہاے ہمہ سو
فرہاد کو ہو سنکے سے شیرین کا نام تلخ — کچہہ اس مزیکی طوطیان کرتی ہین گفتگو

قطعہ

بن بنکے ناچتی ہے ادہر اور اودہر نسیم — کرتی ہے رقص باندہ کی شبنم کے گہونگرو
وہ برگ گلکی تال وہ غنچونکی چٹکیان — وہ گنگلے مین گانا طنبوریکا ایک سو
ادہر تو یہہ سما تہا اودہر کو جو کی نگاہ — دیکھا ایک ایسا قصر کہ دیکہا نہ پہر کبہو
وسعت مین شاعری ہے وہ مرزا فصیح کی — رفعت مین شان ہے تخیل اوسکے روبرو

دل چسپ جیسی حضرت ہمدم کا ریختہ | ستہرا اسا ہمین فرش تمامیکا چارسو
مصروف انبساط ہین سب اہل انجمن | قائل فصیح ناظم و ناثر لطیف خو
جیون جلوہ گر ہو ماہ ستارو نمین بس یہی | ممدوح گروہ نور کا عالم ہے ہو بہو

قطعہ سہ ۳ شعر

بیٹہی ہین طائفہ کئی ادہر کئی ادہر | خوش وضع خوش لباس خوش اخلاق خوشگلو
کہیل بل مین سب چہلبلے وہ قیامت بہ حسن و ناز | جادو ادا پہر ایسی کہ آپسمین مل کبہو
وہ کہیل مین ہی بولین کسی کر مجہی پچہو | دیوانے چہو کے ساتہہ ہی ہون اہل کانوند
سرکی مراحیو نپہ وہ مینی کے ہار جیون | پگڑی کے ہم ستونکی چہوٹے ہون تاگلو

قطعہ سہ ۳ شعر

جام شراب ناب کسی گلعذار کا | دینا بلا بن لیے کسیکو یہہ آرزو
رندانہ گر کسی نے کہا اُنسی ایسو دس | پہیتر ہین ہم سلے گر زگ بوسہ جو کبہو
چین بر جبین جہڑ بولنا پہر اونکا واہ واہ | جو آشنا ہو کیجیے اُس سے یہہ گفتگو
غمزی کرشمی کرتے ہین بیٹہی ہوئے گئے | اور ناچتی ہر زیا سامنے دو چار خوبرو

قطعہ

مردنگ کا وہ دھیمی ہی تالی مین باجنا / سارنگیون کی چھیڑ وہ آواز ارغنو

وہ تہاپ دینا تال پہ بہاپ کی وہ پرن / گت ناچنا وہ پانو خود ہر سم پہ برملو

مٹکا کی گردن اپنی مین ہنس ہنسکی تال پر / آہا کہہ اٹھنا انہین سی ہر ایک کا کبھو

دہرپت کا گیت گاتی جو ہوین ترانہ سنج / تانم تدار تدر دانی تم تنم تنو

یا جو پہر خیال تو گایا بہار مین / انبوا کی ڈاری بولی کویلیا کہو کہو

روز حشر خوش رہین سب خویش اقربا / بیٹی جنو اسی بہائی بہتیجی چچا وہو

نوکر ہی تیری عیش مین سارے رہین مدام / نیرنگی فلک سی ہون پامال سب عدو

ایسے ہون لاکھہ سیر مبارک تجھی پہ عیش
یہہ ربط کی دعا ہی کہ دنیا ہو اور تو

واسوخت

صد بند

قہر ہے ظلم ہے آفت ہی بلا ہے یہہ عشق / تیغ ہے تیر ہی خنجر ہی قضا ہے یہہ عشق

کچھہ ہو پر کچھہ نہین معلوم کہ کیا ہی یہہ عشق / لیکن اتنا تو سمجھتے ہین برا ہے یہہ عشق

حق تعالے نہ اس آفت مین کسیکو ڈالے
نام اسکا جو کوئی لے تو زبان دہو ڈالے

عشق کا نام لے انسان عیاذاً باللہ
قیس و فرہاد ہوے ٹھوکرین کہا کہا کی تباہ

رفعت کوہ کہان اور کہان ہستی کاہ
سیکڑون جل بجھے لاکہون ہوئے گر خاک سیاہ

دل جلا کر یہہ اڑاتا ہے دہوین دنیا مین
یہہ فرشتونکو جہکاتا ہے گڑہین دنیا مین

عشق دیکھین جو وہ دام تو ہو جائین ہلاک
یہہ ہوا باغ کو لگ جائے تو گل ہون خاشاک

دامن دشت جو اس خار سے اُلجہے تو ہو چاک
ٹپکے دریا مین یہہ قطرہ تو اڑے آب مین خاک

پہٹ پڑے سرپہ فلک عشق جو برپا ہو جائے
یہہ بلا طور پہ نازل ہو تو سرمہ ہو جائے

یہہ کباب نمک آلودہ ہے صد شور انگیز
یہہ بلا خرمن عشاق پہ ہے آتش ریز

یہہ میٹہا ہے جو لوگونکی لئے زہر آمیز
مثل سیماب اس آتش سے مناسب ہے گریز

زندہ عیسی سے بہی ہوتا نہین مارا اسکا
آگ پانی مین لگاتا ہے شرارا اسکا

آئی آفت جو کسی شے پہ طبیعت آئی
آبرو کہو کے کسی جا کہین ذلت پائی

ہفت اقلیم مین مشہور ہوئی رسوائی
دل لگانا ہے کسی کافر سے کیا رسوائی

تا بہ تعدد محبت نکرے بہتر ہے

زہر کہا جاے کہن ڈوب مری بہتر ہے

داغ وہ دل جو کری میل کسی مہرو پر
کور وہ چشم جسے دید ہو منظور بطرف
وہ زبان لال جسے ورد ہو نام دلبر
کان وہ کر جو سُنا کرتے ہون یار کی

قطع ہو ہاتھہ جو پھیلے کسی دانا کی طرف
توٹے وہ پانون جو دوڑے درجانا کی طرف

تیری تقریر یہہ بیجا نہین ای جان جہان
دیکھہ لے حال میرا تو کہ عیان را چہ بیان
ئے عشق سے بیانتک تو پڑا سوز نہان
آگ تلوونسی لگی اوٹھنے لگا سر سی دہوان

ہوش روتا ہے ادہر عقل ودہر روتی ہے
دل سوزان کو لئے جان سستی ہوتی ہے

صحبت خلق سی بیزار ہی بالکل دل زار
نہ ملاقات کسی سے نہ کسیکا دربار
اب نہ کہانا ہی نہ پینا ہی نہ سونا ای یار
نہ کچھہ آثار رہین صحت کی نہ کچھہ ہون بیمار

لب تک آن پہنچی ہی تیری ہجر مین غم کہای کوئی
یار ایسا تو نکر ظلم کہ مرجاے کوئی

سیر بہاتی ہی نہ مطلق نہ تماشا مجکو
نہ خوش آتا ہی کوئی سوانگ نہ میلا مجکو
وحشت کا شوق نہ دریا کی تمنا مجکو
جان جان تیرے سوا کچھہ نہین بہاتا مجکو

آرزو ہے کہ خداوند وہ دکہاے پیاری
جسطرف دیکہون تو ہے تو نظر آئے پیاری

سو تو ای غیرت گل بوئی وفا تجھمین نہین
بے حلاوت ہے تیری چاہ ذرا تجھمین نہین
ای دوائے دل بیمار شفا تجھمین نہین
اے مہ برج شرف مہر ذرا تجھمین نہین

رنج و غم درد و الم ہمنے سہا کیا کیا کچھہ
کچھہ سنا تو نے کہ عالم نے کہا کیا کیا کچھہ

کہہ اوٹھا کوئی کہ کس گل سے ہی تیرا یہہ لگ
کونسے شمع کی الفت مین بنا ہی تو پتنگ
کہہ اوٹھا کوئی کہ تا چند یہہ رسوائی کی ڈہنگ
ایسے جلنے سے تو ہی موت بہلی ای بے ننگ

طعن و تشنیع سے یہان جا ہمن اجلبان نہین
منہہ مین آیا سو کہا آپ کو کچھہ دہیان نہین

پہلے وہ باتہا ہی آپ نے جو فرمائی
پہر کہے کوئی کہ رسوائی ہی ہی رسوائی
کیا تماشا ہے یہ اپنی شخصیت و مرزائی
ہونے آئی ہو جوان پر نہ گئی لڑکائی

کوئی تنہا پہری اپنی ہی نہین میل سے کام
کوئی دل باختہ جی ہاری نہین کہیل سے کام

یہہ ادائین یہہ جفائین یہہ ستم اور یہہ جور
یہہ فضیحت کی چلن ہین یہہ ملامت کے طور
بے وفا میری سلوکون یہہ تجھے ہی کچھہ غور
اور کچھہ تہا میری صحبت مین ہوا اب کچھہ اور

جان کے طرح سے بچہڑا ہے میرے ساتہہ سی تو
اوڑ گیا بنکے پریزاد میرے ہاتہہ سے تو

سوچ تو جیمین ہوا کسکے سبب تو ممتاز
پہر دئے کسنے تیری کیسہ انداز مین ناز

شوخیان کسنی سکہائین ہین تجہے اے طناز
بیٹہنے اٹہنے مین کل تک تو نہ تہا یہہ انداز

اگے تیوری کے تلے ہاتہہ رکہا کس دن
ہن بل کہا کے تم اٹہتے تہے بہلا کس دن

یہہ نزاکت تہی نہ صفا نہ یہہ جوبن تہا
بگڑنا یہہ ہوا نہ بدلنا تیور
پہولکی چہوٹ پہ مرتے تہے نہ سسکے بہر بہر
تہا نگر دینین یہہ ڈورا نہ لچکتی تہی کمر

شعلۂ حسن مین آگے نہ بہڑک ایسی تہی
اور زانو کی نہ مچہلی مین پہڑک ایسی تہی

چین پیشانی پہ ہر دم نہ پڑی رہتی تہی
چشم آئینہ سے کب آنکہہ لڑی رہتی تہی
کب تیری ہاتہہ مین پہولوں کی چہڑی رہتی تہی
نہ یہہ کاجل نہ یہہ مسی کی دہڑی رہتی تہی

ہم جو لڑ پڑتے تو برداشت تمہین خشم مین تہی
بات کرتے تہے کسی سے تو حیا چشم مین تہی

یا تو وہ شرم کہ اب آنکہہ لڑی نرگس سے
کوئی سنتا نہین یہہ قصہ کہین ہو کس سے
یا تو وہ ضبط کہ اب چہیڑ رہی جس تس سے
تمسے کہتے ہین تو کہتے ہو تجہے کیا اس سے

زلف ایسی نہین بلکہائی ہو تم جیسے کچہہ
دہن ایسا نہین تنگ آئی ہو تم جیسے کچہہ

یہہ تو سب اک طرف تازہ ستم تم نے سنا
مینی کچہہ سنکے کہا اُن سے کہ کیا فرمایا
بزم مین غیر سے شکوہ تہا صریحا میرا
منہ بہر اکر یہہ کہا بہلا جی سن لینا تہا

بڑھ گئی اس مین جو تکرار کہا خیر تو ہے
مین کرون شکوہ سوا ایسا مجھے بیر تو ہے

خیر ہمکو بھی ملاقات نہین اب منظور
کیونکہ برعکس طبیعت ہی یہہ نخوت یہہ غرور

دلکو پھیر لیگئے تیری سمت حق المقدور
منہ پہ کہدیتی تو خوش ہو کہ ناخوش ای حور

اب یہہ صورت تیری اللہ نہ دکھلائے ہمین
چونک اٹھی خواب مین جو تو نظر آجائے ہمین

ہم سی بیزار ہی تو ہم بھی ہین تجھسی بیزار
پر نہ یہہ جانیو مجھہ سا نہ ملیگا دلدار

ایک نفرت جو تجھی ہی تو ہمین سو انکار
تجھسی دنیا کے مرقع مین بہت نقش ونگار

گل لالہ سے تو شبو سی سمن بہتر ہے
ایک سی ایک یہان رشک چمن بہتر ہے

بیمحل کبر ہی پندار یہہ سب بیجا ہی
کیا تم ایسی ہی تھی آگے سی تمہین دیکھا ہی

صاف کہدیجیی اب آپکی جی مین کیا ہی
اب وہ الطاف و عنایات نہین برپا ہی

کچھہ میری باتو نسی شرمائی تو ہو گے جیمین
کچھہ کڑی کرنیسی نرمائی تو ہو گے جیمین

اون دنون کبھی بھی تمہین یاد بھلا ہی کہ نہین
رہ گیا تجھی کسی وجہہ سے جو یہہ غمگین

ڈالکر ہاتھہ گلی سیر کو جاتی ہین کہین
تو پلٹ کر وہین پھر سر کی قسم دیکی تمہین

مضطرب ہوکے یہہ کہتی مین صدقے تیری

مجکو بیٹھے تو اگر ماتھہ نہ آئے میرے

ان دنوںمین جو حرکت تھی اک اندازکی ساتھہ
کیا اشارے پہ چلے آتے تھے آوازکی ساتھہ
تھا تکلف نہ کچھہ اس عاشق جانبازکے ساتھہ
الغرض خوب گزرتی تھی ہم نازکی ساتھہ
چھچھے لطف مزے سیر تماشے میلے
راتدن کہاے ہے سوے ہنسی اور کہیلے

لو ہم اب جیسے برے ہیں کہ پروا ہی نہین
اسپہ ہم لیتی چلے جائین تو کچھہ پروا ہی نہین
دل تو دل آپکی محفل مین ہمین جا ہی نہین
روئین سرپیٹین کہین کیا کوئی سنتا ہی نہین
خوار ہین زار ہین بے مونس وبے یار ہین ہم
تسپہ تم آپکو کہتی ہو وفادار ہین ہم

آپ اور اہل وفا سنہ تو کہان ای راہ
داغ ہین دلکو مری دیکہکی سب غیرت ماہ
جان جاتی رہی پر دل نہ تھین دون واللہ
ہوتے ہوتے یہہ ہوا ہی اثر پاک نگاہ
سنگ سی آئینہ کی جلوہ گری پیدا ہو
اپنی سایہ کو جو دیکھون تو پری پیدا ہو

پہر بہی کیسی کہہ خوبی ہین سوا حور سی ہو
اور فائق وہ تجلی ہین کہین طور سی ہو
ناز سے ہوتے ہین پریان پری وہ نور سی ہو
جلوہ جو پاس سے ہوتا ہی وہی دور سے ہو
حسن کے جہلکے رہی شرق سی تا غرب مدام
تو بہی جو دیکھی تو سے اوسکے قدم دوڑ کے چوم

دیکھی ابرو تو گری ہاتھہ سے تلوار
دیکھی غمزہ تو جگر ناوک غم سی ہو فگار

دیکھے مژگان تو الٹ جائے مقدر کباب
دیکھے بینی کو تو خود بینی سی پہر ہو نکال

گوش زد تیری جو اوسکی صفت گوش رہے
پہر ٹہکانے پہ یہ امکان ہی جو ہوش رہے

آن دکہلائی تو ممکن نہین پہر آن رہی
رخ تیرا دیکہی جو اوس رخکو تو حیران رہی

شان دکہلائے تو باقی نہ تری شان رہے
زلف کو زلف جو دیکہی تو پریشان رہے

منہ وہ دکہلائی تو پہر آپ مجہی منہ دکہاوین
آنکہین دکہلائے تو پہر آپکی آنکہین کہلجاوین

نظر آجائین اگر چاندسی وہ رخساری
دیکہی پہر وہ در دندان مصفا باری

گرمئ حسن سے اوسکے عرق افشان سارے
روئی پہہ تو تیری آنکہونسی لوٹین تارے

اسے حجابانہ جو وہ کہول کے سینہ آجائے
تو یہہ شرمائی کہ فی الفور پسینہ آجائے

ناگنی جعد جو اوسکی ہر تو موباف ہو من
لب ہین دانت عدن لف ختن حسن دکن

چشم فنجان نگہہ بادہ صراحی گردن
رخ سمن چہرہ چمن غنچہ دہن سیب ذقن

سمت ابہرے وہ کچلن گول ہون چہوٹی چہوٹے
تستیہ قہر ہیڑ کیتے رہی بوسے بوسے

اوسی دہن اور کمر ہیچ ہو نزاکت کو لاف
اوسکی منہ سنی مگر اوسکی کمر کے اوصاف

شکل از بسکہ ہوا وس آئینہ رو کا شفاف
عکس پڑنے سی ذقن کے نظر آئی ہو ناف

ساق سیمین بلورین وہ صفا ہو کہ بس
سرخ وہ رنگ حنا زیب وہ پا ہو کہ بس

جیون رخ و زلف رہین پہلی ہم اس سی الٹ پٹ
جیو فامہ پہ تیری بوسی لین اوسکی چٹ پٹ
پہر الٹ کر رخ پر نور سی اوسکی گہونگہٹ
کوئی بازی نہ چلی تیری اری اونٹ کہٹ

جسقدر تو نے ستایا ہی ستا کر چہوڑین
پانون جیون تو نے پڑا یا ہی پڑا کر چہوڑین

پر کرین کیا کہ بن آتی نہین اب کچھہ ہم سی
تلخ تر گو کہ ہمین زیست ہوئی ہی سم سی
کیونکہ واقف ہین محبت کی خوشی سی غم سی
لیکن اک حرف سنا ہی یہہ کسی محرم سی

جو وفادار ہین وہ جسکی ہوئی اوسکی ہوئی
جو خوش اطوار ہین وہ جسکی ہوئی اوسکی ہوئی

شب جو اس وضع پہ مین خواب مین اس سی جہگڑا
آخر کار جو کچھہ صلح پہ آمادہ ہوا
اور اوسنی بہی مقابل مین بہت طول دیا
کہل گئی آنکہہ بس اتنی مین تو پہر وہان کیا تہا

نہ وہ دلبر نہ وہ جہگڑا نہ وہ دلداری تہی
گریہ و زاری و تنہائی و بیداری تہی

آنکہہ کہلتی ہی ظاہر مین وہ جہگڑا نہ رہا
عشق کا ہمکو ہوا ربط بڑا ظلم ہوا
مند گئی آنکہہ تو یہہ بہی نہ رہیگا جہگڑا
دل گیا صبر گیا ہوش گیا جی بہی گیا

رہ گئی آہ فقط آٹھ پہر کرنے کو
کچھ نہ کچھ شغل ہو تو عمر بسر کرنے کو

تمام شد

متفرقات غزل و رباعیات وغیرہ فارسی۔ این غزل در شادی تصنیف فرمودہ بودند

پی گلگشت یار آمد مبارک لالہ و گل را
لب او میگسار آمد مبارک ساغر و مل را

رخش آئینہ را خواہان نگہ ای دیدہ حیران
دل آمد شانہ وار آمد مبارک زلف و کاکل را

زہی آن خال روی او خوشا آن تار موی او
معنبر تابدار آمد مبارک مشک و سنبل را

ز زلف و رخ بت دلبر بفکر ضبط ہر کشور
خوشا این لیل و نہار آمد مبارک ہند و کابل را

دہانش غنچہ را تا بان لبش رشک گل خندان
چہ خوش روی نگار آمد مبارک غنچہ و گل را

ز ہر سو مژدہ پیدا بگوش بلبل شیدا
بہاری برقرار آمد مبارک شور و غل را

بہ گلشن نو بہار آمد پی گلگشت یار آمد
بہار اندر بہار آمد مبارک ربط و بلبل را

بوسم آن لب کہ عقیق یمنی در کار است
بویم آن زلف کہ مشک ختنی در کار است

سید بہ تیسہ ادائی کج آن شیرین کار
ہد و ای دشت خزان کوہ کنی در کار است

بلبل شگفته هر دو رخ رنگین را | دایم از گلشن حسنت چمنی درکار است

رغلتی هست دلم را بکلام شیرین | وصل شکر و لب شیرین دهنی درکار است

دل که محفوظ جنونست بدست غربت | نی هوای چمنی نی وطنی درکار است

ناتوان بودم و مردم بخیال روشش | بمن از پیرهن گل کفنی درکار است

عمرم ای وای به چل سال رسیدست و هنوز | صحبتی صاحب هر علم و فنی درکار است

از کتب خانهٔ حسن تو به صد عشق مرا | قصهٔ مختصری نادر سخنی درکار است

این دلم را که بجان آمده ام از دستش | دلبری فتنه گری تیغ زنی درکار است

ربط بزاز سرا و که سر رند دارد
ای تهیدست ترا سیم تنی درکار است

این غزل وقتی در شکر رنجی از عزیزی طراز ترقیم پذیرفته بود

دیدم که زمانه نابکار است | از فضل خدا امیدوار است

از گردش دهر گشت بیزار | هر لیل و نهار بیقرار است

هر چند که خواست گزرد از دهر | از زیست و عمر سرشار است

هر خویش اقاربان که هستند | بر عقل و شعور شان نثار است

دانستن و داشتن چه حاجت | فی الجمله ز نقص بیشمار است

هر وقت که رفت عزت ابوائی | از دست زمانه زینهار است

نوعیکه ز ابتدای خدمت
این ربط محض گنهگار است

مرغ دل خود سوز کبابی به ازین نیست | مست نگهش باش شرابی به ازین نیست
چون مردمک دیده نقاب رخ او کن | ای پرده چشم که نقابی به ازین نیست
زاهد حرم و سجده من میکده رندی | جرمی به ازین نیست صوابی به ازین نیست
جرم است اگر باده خوری محتسب از تاک | چون غره شام آویز عتابی به ازین نیست
ابری ز غم چیز زند بر سر مژگان | در چشم ستمدیده سحابی به ازین نیست

ای ربط سوی خاک نشین در حیدر
بابی به ازین نیست جنابی به ازین نیست

این غزل مختصری بفرمایش عزیزی برای خواندن گوشه ها قلمزده بود

صحبت مه جبین مبارک باد | قربت نازنین مبارک باد
نشستن و خواستن در آغوشت | یارب از همنشین مبارک باد
برخ آفتاب رخشا نی تو | آب صاف زرین مبارک باد
بوی گردن بدست آوردن | طره عنبرین مبارک باد

خلوت و جلوه است بکام و مراد
ربط را همچنین مبارک باد

دلم زینسان که زار و مبتلا شد	ازان نامهربان بی وفا شد
اگرچه خون مسکینان هبا شد	چمن بی برگ و بلبل بی نوا شد
هزاران قتل گشته در هوایش	اگرچه خون ناحق شد بجا شد
مرادت گر هلاک چون منی بود	بحمد الله که این حاجت روا شد
مرا وقتی خوشی بوده است وقتی	مسلمانان نمیدانم کجا شد
چرا می نالد ای مرغ چمن زار	مگر روزی چو از یاران جدا شد

شب از همسایگان فریاد خیزد
مرا از ربط این ناله بلا شد

دلم رفت آنکه با خود آشنا بود	چه میگویم مرا خود دل کجا بود
همه شب گریه ام خفتن نداده	که بوی گلرخ من با صبا بود
زما یادش دهی باد صبا گاه	گذشت آن وقت کورا یاد ما بود
تو ای زاهد درون کوی جانان	چگونه می نهد نی پارسا بود
ز در بیرون مرا بیگانه دانم	که این بیچاره وقتی آشنا بود
غنیمت دار ای وصل همنشینش	خوش آرامی که این دولت مرا بود

قرار دل چه جان ربط رفته

ندانستم که عشق او قضا بود

داغ دل از گریه نور انگیز شد
برکشم تاکی ستم رنج و فراق
خواست خنگ ناز او پامالیم
سرخی او از نهان خون خورد تست
یا درازی شب تار فراق
داغ دل خورشید محشر ناله سوز
چون لنازم سینه خود را سپر
زین مداوا ها علاجم ای طبیب
دم بجود در ماند دریا چون حباب

آتش گل زآب شبنم تیز شد
ساقیا پیمانه ام لبریز شد
غمزهٔ آبرو بر آن مهمیز شد
چشم بیمار تو بد پرهیز شد
عشق زلف یار دستاویز شد
برکشیدم آه رستاخیز شد
غمزهٔ او ناوک خونریز شد
از سر بالین من برخیز شد
سیل اشک من چو طوفان خیز شد

ربط هجر مرگ و غیر وصل زیست
این مگر فرهاد او پرویز شد

غزلیات فارسی تمام شدند